سوال

(111) قبر پر قرآن خوانی درست ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قبر پر قرآن پڑھنا زبانی یا ناظرہ درست ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ ایصالِ ثواب کا کیا طریقہ ہے؟ (محمد زکریا، متعلم جامعہ کمالیہ دارالحدیث راجووال) (١٦ جنوری ١٩٩٨ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی صحیح حدیث میں قبر پر قرآن مجید زبانی یا ناظرہ پڑھنا ثابت نہیں۔ ایصالِ ثواب کا طریقہ کار یہ ہے کہ مثلاً میت کے لیے دعا کی جائے۔ قرآن میں ہے:

رَبَّنَا اغفِر لَنا وَلِإِخوٰنِنَا الَّذينَ سَبَقونا بِالإيمٰنِ ... ١٠ سورة الحشر

یا صدقہ خیرات کردیا جائے۔ حدیث میں ہے: صدقہ جاریہ یا علمی انتفاع مثلاً شاگردی یا مفید تالیفات وغیرہ یا نیک اولاد جو والدین کے لیے دعا گو ہیں۔ اسی طرح میت کی طرف سے قربانی کرنا یا اس کی طرف سے حج کرنا۔ مسجد بنوا دینا یا مدارس میں غریب طلبہ کی خدمت کرنا یا خیراتی تعمیر میں حصہ دار بننا وغیرہ وغیرہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 164

محدث فتویٰ